PCAS_ Urdu

Palliative Care
Advice Service

(لاعلاج بیماریوں میں تکلیف کم کرنے سے متعلق معلوماتی سروس)

1800 360 000

صبح 7 بجے سے رات 10 بجے، ہفتے کے ساتوں دن

وکٹوریا میں کسی بھی جگہ، سب لوگوں کے لیے

فوری طبی توجہ کے لیے

000 پر کال کریں یا اپنے قریب ترین ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ میں جائیں۔

تحریری اور زبانی ترجمہ

براہ مہربانی 450 131 پر کال کریں اور000 360 1800 سے
بات کروانے کے لیے کہیں۔ یہ سروس مفت ہے۔

بولنے یا سننے کی صلاحیت سے محرومی

ہم TTY اور نیشنل ریلے سروس کے ذریعے کی جانے والی کالیں قبول
کرتے ہیں – ہیلپ ڈیسک 660 555 1800

اپنی رائے سے آگاہ کریں

ہم آپ کی رائے کی قدر کرتے ہیں
ای میل - advice@pcas.org.au
فون – 000 360 1800

www.pcas.org.au

1800 360 000

صبح 7 بجے سے رات 10 بجے، ہفتے کے ساتوں دن

Palliative Care Advice Service (لاعلاج بیماریوں میں تکلیف کم کرنے سے متعلق معلوماتی سروس) کے لیے مالی وسائل ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ دیتا ہے، اس سروس کو رائل میلبرن ہاسپٹل چلاتا ہے اور اسے وکٹورین حکومت کی مدد حاصل ہے۔

اس اشاعت کو اپنی ضرورت کے مطابق کسی اور صورت میں حاصل کرنے کے لیے 000 360 1800 پر فون کریں، اگر ضرورت ہو تو 77 36 13 پر نیشنل ریلے سروس کو فون کریں یا advice@pcas.org.au کو ای میل کریں۔

اس تحریر کی اجازت اور اشاعت وکٹورین حکومت
1 Treasury Place, Melbourne کی جانب سے ہے۔
©سٹیٹ آف وکٹوریا، مئی 2021 (2006731)
ISBN 978-1-76096-166-4 **(Print)**

VICTORIA State Government

palliative کیئر کا مقصد ان لوگوں اور خاندانوں کی زندگی بہتر بنانا ہے جو زندگی کو محدود کرنے والی بیماری کے ساتھ جی رہے ہیں۔

یہ معلوماتی سروس وکٹوریا کے سب لوگوں کے لیے ہے۔

کیا آپ زندگی کو محدود کرنے والی بیماری کے ساتھ جی رہے ہیں؟

کیا آپ کسی ایسے شخص کے سنبھالنے والے، خاندان کے فرد، دوست یا ہمسایے ہیں جو زندگی کو محدود کرنے والی بیماری کے ساتھ جی رہا ہے؟

ہم ایسے سوالات کے لیے مدد کر سکتے ہیں جیسے:

- palliative کیئر اس شخص کی مدد کیسے کر سکتی ہے جسے میں سہارا دیتا/دیتی ہوں؟
- میں کیئرر (نگہداشت کا ذمہ دار) ہونے کے متعلق معلومات کہاں سے لوں؟
- میں درست palliative کیئر سروس کا کیسے پتہ چلاؤں؟
- میں اپنی درد، متلی یا سانس لینے میں مشکل کو کیسے بہتر کر سکتا/سکتی ہوں؟
- مجھے کن چیزوں کے بارے میں سوچنے اور منصوبہ بندی کرنے کی ضرورت ہے؟
- میں اپنے معالج سے palliative کیئر کے بارے میں کیسے بات کروں؟

کیا آپ کسی ایسے شخص کی نگہداشت کرنے والے ڈاکٹر، نرس یا دیگر طبی کارکن ہیں جو زندگی کو محدود کرنے والی بیماری کے ساتھ جی رہا ہے؟

ہماری خصوصی palliative کیئر نرس یا ڈاکٹر ایسے مسائل میں مدد دے سکتے ہیں جیسے:

- علامات کو سنبھالنا
- ادویات تجویز کرنا
- منہ کے راستے لینے والی دوائیاں بدل کر انجیکشن سے لینے والی دوائیاں دینا
- جلد کے نیچے داخل کی جانے والی مسلسل ڈرپ (سرنج ڈرائیورز)
- فیصلے کرنا اور نگہداشت کی منصوبہ بندی کو آگے بڑھانا

ہم ادویات کے نسخے، ریفرل (دوسرے اداروں سے رابطے) اور طبی ریکارڈ تک رسائی فراہم نہیں کر سکتے اور نہ ہی ہم مقامی معالجین کی نگہداشت کی جگہ لے سکتے ہیں۔

مفت اور رازدارانہ

www.pcas.org.au

1800 360 000

صبح 7 بجے سے رات 10 بجے، ہفتے کے ساتوں دن